اخبار الوفاق

امین اللہ

زعمائے وفاق کی امامِ کعبہ کے اعزاز میں دیئے گئے عشائیہ میں شرکت:

۱۱ جمادی الاولیٰ ۱۴۲۸ھ بروز منگل پاکستان مسلم لیگ کے سربراہ چوہدری شجاعت حسین صاحب اور وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی صاحب نے لاہور میں اپنی رہائش گاہ پر امام کعبہ فضیلۃ الشیخ ڈاکٹر عبدالرحمٰن السدیس کے اعزاز میں عشائیہ دیا، جس میں ملک کی ممتاز سیاسی وسماجی شخصیات کے علاوہ تمام مکاتب فکر کے جید علماء نے شرکت کی۔ وفاق المدارس کی طرف سے صدر وفاق حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب، نائب صدر وفاق مولانا حسن جان صاحب اور مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب، ناظمِ اعلیٰ وفاق مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب، ناظمِ وفاق مولانا انوار الحق صاحب اور رکن عاملہ وفاق مولانا فضل الرحیم صاحب نے شرکت کی۔

اس موقع پر ناظمِ اعلیٰ وفاق نے شرکاء کے سامنے معزز مہمان کا تعارف پیش کیا اور ان کو دورۂ پاکستان پر خوش آمدید کہا، انہوں نے امام کعبہ کے اس دورے کو اللہ تعالیٰ کی نعمت اور رحمت قرار دیا، دریں اثنا اکابرین وفاق نے امام کعبہ سے خصوصی ملاقات بھی کی۔ ناظم اعلیٰ وفاق مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب، امام کعبہ کے ساتھ مسلسل ہمراہِ سفر رہے اور مختلف تقریبات میں نہ صرف معزز مہمان کے تعارف کے ساتھ ساتھ علماء کرام کا ان سے ملاقاتوں کا اہتمام کرواتے رہے، بلکہ انہیں پاکستان میں موجود دینی مدارس کی خدمات سے بھی آگاہ کیا۔

وفاق المدارس کی طرف سے امام کعبہ کے اعزاز میں استقبالیہ:

۱۶ جمادی الاولیٰ بروز اتوار وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی طرف سے اسلام آباد میں امام کعبہ فضیلۃ الشیخ ڈاکٹر عبدالرحمٰن السدیس کے اعزاز میں استقبالیہ دیا گیا، جس میں ملک بھر سے اہم شخصیات اور علماء کرام نے شرکت کی۔ وفاق المدارس کے نائب صدر مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا اور ناظم اعلیٰ وفاق صاحب نے معزز مہمان کے اعزاز میں استقبالیہ کلمات کہے اور ساتھ ہی وفاق المدارس العربیہ پاکستان کا تعارف پیش کیا، جس پر امام کعبہ بہت مسرور ہوئے اور دعائیں دیں۔

تقریب سے رکنِ عاملہ وفاق مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب، معروف مبلغ مولانا طارق جمیل صاحب نے بھی

خطاب کیا۔امام کعبہ نے بھی اس موقع پر جامع اور پر مغز خطاب کیا۔اس موقع پرامام کعبہ کووفاق کی طرف سے اکابرین کی کتب تحفۂ پیش کی گئیں۔امام صاحب نے بھی اپنی خطبات کے مجموعے اور تلاوت کی آڈیو کیسٹیں اراکینِ عاملۂ وفاق کوتحفۂ پیش فرمائیں۔

آزاد کشمیر مدارس کنونشن:

۱۷ جمادی الاولیٰ بروز پیر وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے زیر اہتمام جامعہ اسلامیہ میر پور کشمیر میں کشمیر کے مدارس کا کنونشن ہوا، جس میں وفاق المدارس کے صدر حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب، ناظمِ اعلیٰ وفاق مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب، ناظمِ وفاق مولانا قاضی عبدالرشید صاحب، رکن عاملہ وفاق مولانا قاضی محمود الحسن اشرف صاحب اور مولانا سعید یوسف صاحب نے خطاب فرمایا۔

اس کنونشن کے میزبان حاجی محمد بوستان صاحب تھے، جنہوں نے حال ہی میں وفاق المدارس کے جدید دفتر کی تعمیر کے واسطے ملتان میں اراضی کی خریداری کے لئے دولاکھ روپے کا عطیہ پیش کیا۔اس کے علاوہ اجتماع میں تشریف لائے ہوئے مختلف علماء اور مہتممین مدارس نے اس مد میں نقد عطیات اور بعض نے وعدے فرمائے۔جس کی تفصیلی رپورٹ مستقل شائع کی جائے گی۔

☆☆......☆☆

نعت رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم (سید حباب ترمذی)

وہ دیکھو تبسم بہ لب آرہے ہیں — تصور میں شاہِ عرب آرہے ہیں
ابوبکر و فاروق و عثمان و حیدر — محمد کے ہمراہ سب آرہے ہیں
درِ مصطفیٰ پر مسلمان ہونے — عجم آرہے ہیں، عرب آرہے ہیں
سلیقہ نہ تھا ان کو پینے کا شاید — مدینے سے جو تشنہ لب آرہے ہیں
مریضِ محبت نہ گھبرا خدارا — وہ اب چل چکے ہیں وہ اب آرہے ہیں
گنہگار کوئی نہ مایوس ہوگا — شفاعت کو محبوب رب آرہے ہیں
مدینے سے پھر آرہا ہے بلاوا — محبت کے پھر روز و شب آرہے ہیں
منور ہے دل کی فضا اللہ اللہ — خیالوں میں ماہِ عرب آرہے ہیں
ملیں جن کے صدقے میں آیاتِ کوثر — وہی جانِ شعر و ادب آرہے ہیں
شہنشاہِ ہر دوسرا کون و مکاں ان کو کہیے — نہ کہیے کہ شاہِ عرب آرہے ہیں
جنہیں اپنے رب سے تھا فخر تلمذ — وہ اُمّی وہ تلمیذِ رب آرہے ہیں
ادب کے جو پیاسے ہوں سیراب ہولیں — وہ تسنیمِ علم وادب آرہے ہیں
حباب ان کی آمد مداوائے غم ہے — بر دوشِ موجِ طرب آرہے ہیں